(This question paper contains 3 printed pages)

Roll No.

Sl. No of Question Paper: 5036

Unique Paper Code: 214381

E

Name of the Paper: Urdu

Name of the Course: B. Com. (Prog.) Urdu

Semester: III

Time : 3 Hours

M.M. : 100

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی وضاحت کیجئے سیاق و سباق کا حوالہ دیجئے۔ 15

(الف)

بٹیر کیا اڑ گئے نواب کے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے۔ ٹپ ٹپ آنسو گر رہے ہیں۔ کلیجہ بلیوں اچھل رہا ہے۔ چہرے پر ہوائیاں اڑی ہوئی ہیں۔ ہائے میرا صف شکن، پیارا صف شکن۔ وہ نکیلی چونچ، وہ بیتابی سے کانگن چکھتا، چکھی کھائی اور ڈٹ گیا۔ سینکڑوں معرکوں میں لڑایا مگر کورا آیا۔ کس بانکپن سے جھپٹ کر لات دیتا تھا کہ پالی تھرتھرا اٹھتی تھی۔ یہ تو میں پہلے ہی سے جانتا تھا کہ وہ حقانی جانور ہے۔ صورت بٹیر کی مگر سیرت فقراء کی۔ ایک پنڈت نے مجھ سے کہا تھا کہ یہ کیا جانے کیسی کھنڈت ہوگئی۔ نہیں تو اس کا بڑا درجہ تھا۔ اب سنا کہ نماز بھی پڑھتا تھا۔

خوجی: جل جلالہٗ کیا خدا کی شان ہے۔ خداوند اب میں حضور سے کہتا ہوں کہ دس پانچ دفعہ میں نے افیم بھی پلا دی مگر واللہ جو ذرا بھی نشہ ہوا ہو۔ ہاں انکھڑیوں میں لال لال ڈورے تو پڑ گئے تھے۔

(ب)

کیوں صاحب! روٹھے ہی رہو گے یا منو گے بھی اور اگر کسی طرح نہیں منتے تو روٹھنے کی وجہ تو لکھو۔ میں اس تنہائی میں صرف خطوں کے بھروسے جیتا ہوں یعنی جس کا خط آیا میں نے جانا کہ وہ شخص تشریف لایا۔ خدا کا احسان ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا جو اطراف وجوانب سے دو چار خط نہیں

آ رہتے ہوں بلکہ ایسا بھی دن ہوتا ہے کہ دودوبار ڈاک کا ہرکارہ خط لاتا ہے۔ ایک دو صبح کو، ایک دو شام کو۔ میری دل لگی ہو جاتی ہے۔ دن ان کے پڑھنے اور جواب لکھنے میں گزر جاتا ہے۔ یہ کیا سبب دس دس بارہ بارہ دن سے تمہارا خط نہیں آیا یعنی تم نہیں آئے۔ خط لکھو صاحب، نہ لکھنے کی وجہ لکھو۔ آدھ آنے میں بخل نہ کرو۔ ایسا ہی ہے تو بیرنگ بھیجو۔

۲۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی وضاحت کیجئے سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجئے۔ 15

**(الف)**

میؔر دریا ہے سنے شعر زبانی اس کی	اللہ اللہ رے طبیعت کی روانی اس کی
ایک ہے عہد میں اپنے وہ پراگندہ مزاج	اپنی آنکھوں میں نہ آیا کوئی ثانی اس کی
بات کی طرز کو دیکھو تو کوئی جادو تھا	پرملی خاک میں سب سحر بیانی اس کی
سرگذشت آپ ہی کس اندوہ سے سب کہتا تھا	سو گئے تم نہ سنی ہائے کہانی اس کی
مرثیے دل کے کئی کہہ کے دیے لوگوں کو	شہر دلی میں ہے سب پاس نشانی اس کی

**(ب)**

سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا	کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا
زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گل سو زربکف	قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا
چاروں طرف سے صورتِ جاناں ہو جلوہ گر	دل صاف ہو ترا تو ہے آئینہ خانہ کیا
طبل وعلم نہ پاس ہے اپنے نہ ملک و مال	ہم سے خلاف ہوکے کرے گا زمانہ کیا

یوں مدعی حسد سے نہ دے داد تو نہ دے
آتشؔ غزل یہ تونے کہی عاشقانہ کیا

۳۔ میرامن کے 'پہلے درویش کی سیر' کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 15

یا

غالب کے خطوط کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۴۔ غالب کی شاعری پر ایک نوٹ لکھیے۔ 15

یا

میر حسن کی مثنوی گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۵۔ آسان قسطوں پر دستیاب دفتر کے لیے ایک پمفلٹ بنائیے۔ 20

یا

کسی بیمہ کمپنی کے لیے ایک اشتہار بنائیے۔

۶۔ مندرجہ ذیل انگریزی اصطلاحوں میں سے کسی دس کے انگریزی متبادل لکھیے۔ 20

1) Market Chair

2) Material

3) Marking

4) Market data

5) Material Cost

6) Market behaviour

7) Mass production

8) Marking Scheme

9) Market Value

10) Marking rules

11) Minor Coin

12) Market finance

13) Market price

14) Medical Insurance

15) Market ratio

..................